P.R.NO.08

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

وفاقی محتسب نے مقامی کمپنیوں کی تیارکردہ گاڑیوں کی قیمتوں میں یک طرفہ اضافے کے خلاف عوامی شکایات پر نوٹس لے لیا

وزارت صنعت و پیداوار اور انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ سے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی گئی

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور کراچی و دیگر شہروں سے ملنے والی متعدد شکایات پر گاڑیوں کی قیمتوں میں من مانی مرضی سے یک طرفہ اضافے کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت صنعت و پیداوار سے 14 دن میں تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ مقامی طور پر گاڑیاں تیار کرنے والی کمپنیوں کی طرف سے آئے روز قیمتوں میں یکطرفہ اضافہ بدانتظامی کے زمرے میں آتا ہے، جس سے خریدار پریشان ہیں۔ ریگولیٹری اتھارٹی ہونے کے ناطے وزارت صنعت و پیداوار کی ذمہ داری ہے کہ وہ گاڑیوں کی قیمتوں کو چیک کرے اور ان کے تعین کے سلسلے میں کوئی میکنزم تیار کرے۔ یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ (ای ڈی بی) کے پاس ایسا کوئی میکنزم نہیں ہے کہ وہ گاڑیوں کی قیمتوں کو ریگولیٹ یا ان کی نگرانی کرے۔ اس صورتحال کے پیش نظر وفاقی محتسب نے عوامی مفاد میں معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت صنعت و پیداوار اور ای ڈی بی سے مفصل رپورٹ طلب کر لی ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

14 فروری 2023ء